افکار و تاثرات

قارئین بنام مدیر

عزیز القدر حافظ صاحب سلمہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' اگست 1999 کے الحق میں حضرت مولانا عبداللہ کاکاخیل رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات پر آپ نے اظہار غم کا حق ادا کر دیا ہے۔ بلاشبہ وہ ایک ایسی شخصیت تھے جن میں فضل و کمال اور علم کی بے شمار خوبیاں جمع ہو گئی تھیں۔ حق تعالیٰ سے محال نہیں کہ وہ کسی فرد واحد کو جامع کمالات بنادے جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے۔

لیس من اللہ بمستکر ان یجمع العالم فی واحد

دینی اور علمی حلقوں میں ان کی رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے مدتوں تک اس کا پر ہونا محال نظر آتا ہے۔

دعا ہے وہ ذات رحیم و کریم حضرت کاکاخیل ؒ کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان نیز حبیب خاص حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

والسلام شریک غم طالب ہاشمی غفرلہ'۔ لاہور

مکرمی جناب مولانا راشد الحق صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ'

اللہ رب العزت کے فضل و کرم اور آپکی نیک دعاؤں اور فقیہ ملت مفتی نظام الدین شامزئی کی زیر سرپرستی ادارہ الہلال کی طرف سے شائع ہونے والا ہفت روزہ الہلال روز افزوں ترقی پزیر ہے اور 14 اگست کو ہفت روزہ الہلال اپنی عمر کا ایک سال مکمل کر رہا ہے اس موقع پر ادارہ الہلال آپکو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہے۔ اور یہ سفر انشاء اللہ جاری رہے گا۔ اس موقع پر گزارش یہ ہے کہ آپ اپنے زور قلم کو الہلال کے پلیٹ فارم سے استعمال کر کے قلمی جہاد میں حصہ لیں اور الہلال کیلئے مستقل تحریرات بھیج کر امت مسلمہ کو فائدہ پہنچائیں۔ الہلال اردو اور عربی میں الحمدللہ مسلسل شائع ہو رہا ہے جسمیں آپ مستقل سلسلے کیساتھ مضمون شروع فرمائیں کیونکہ قارئین کی طرف سے آپ جیسے صاحب قلم اور اکابرین کی تحریرات کا پرزور اصرار کیا جارہا ہے امید ہے کہ مایوس نہیں کریں گے۔ جزاکم اللہ خیر الجزاء

سلطان محمود ضیاء (ایڈیٹر ہفت روزہ الہلال اسلام آباد)